مرحوم کے حالات زندگی بہت آسان زبان میں لکھے ہیں اس کتاب کا مطالعہ بچوں کے علاوہ متوسط استعداد کے اُردو خواں لوگوں کے لیے بھی ازبس مفید ہوگا۔

رشوت یہ ایک اصلاحی اور اخلاقی افسانہ ہے جو کوثر صاحب چاندپوری نے بچوں کے لیے سہل اور آسان زبان میں لکھا ہے ۔ افسانہ کا پلاٹ دلچسپ اور عبرت انگیز ہے۔ قیمت ۲ر ضخامت ۱۶ صفحات

بہادر لڑکا یہ بھی کوثر صاحب کا ایک مختصر سا فسانہ ہے جس میں اُنھوں نے بچوں کی سہل اور آسان زبان میں ایک لڑکے کی کہانی لکھی ہے جو اپنی محنت اور طلب صادق کی بدولت کسانی اور [illegible] کے معمولی درجے سے ترقی کرکے بادشاہ بن گیا۔ قیمت ۲ر

استقلال اس کتابچہ میں کوثر صاحب نے بچوں کو مخاطب کرکے استقلال اور ہمت و پامردی کے فائدے بصورت مکالمہ لکھے ہیں۔ زبان عام فہم اور آسان اور اندازِ بیان دلچسپ اور دلنشین ہے۔ کوثر صاحب کے عام افسانوں کی طرح جن میں اصلاحی اور اخلاقی رنگ غالب ہوتا ہے۔ یہ سب مختصر مختصر رسالے بھی اخلاقی اور بلند کیرکٹر کا سبق دینے کے لیے لکھے گئے ہیں۔ اگرچہ یہ بچوں کے لیے ہیں لیکن ان کا مطالعہ ہر ایک کے لیے فائدہ مند ہوگا۔ قیمت ۲ر

علم اور تجارت اس کتابچہ میں کوثر صاحب چاندپوری نے بصورت مکالمہ علم اور تجارت دونوں کے فوائد لکھے ہیں۔ پھر آخر میں یہ دکھایا ہے کہ علم تجارت سے بہتر ہے۔ زبان کی شستگی کے لیے کوثر صاحب نام کافی ضمانت ہے۔ قیمت ۲ر ۔ ان سب کے ملنے کا وہی مندرجۂ بالا پتہ ہے۔